© rasailojaraid.com





# جامعہ کے لیل و نہار

## داعی اسلام ڈاکٹر حافظ اعجاز میاں آف لندن کی جامعہ سلفیہ آمد

برطانیہ میں عرصہ پچاس سال سے مقیم اسلامی سکالر جناب ڈاکٹر حافظ اعجاز میاں گذشتہ دنوں فیصل آباد تشریف لائے۔ جامعہ کی خصوصی دعوت پر انھوں نے جامعہ سلفیہ کا دورہ کیا اور تمام شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ ان دنوں جامعہ میں ہفتہ حدیث منایا جا رہا تھا۔ جس کی مناسبت سے کتب احادیث کی نمائش اور خطاطی کے مقابلوں میں گہری دلچسپی لی اور نیک خواہشات کا اظہار فرمایا۔ اس موقع پر انھوں نے اساتذہ سے گفتگو کرتے ہوئے فرمایا کہ یورپ میں اسلامی دعوت کو عام کرنے کے بہترین مواقع موجود ہیں۔ یورپی لوگ اسلام کے محاسن اور خوبیوں سے بے حد متاثر ہوتے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے پاس کوئی ایسی آئیڈیل سوسائٹی موجود نہیں ہے جو اسلامی تعلیمات پر مبنی ہو اور جو اسلام کی خوبیوں پر مبنی نظام کے مطابق زندگی بسر کرتی ہو۔ یورپیوں کی خواہش ہے کہ وہ کسی ایسے ملک، شہر یا کالونی میں قیام کرنا چاہتے ہیں جہاں انھیں ایسا ماحول میسر آئے جس میں قیام کر کے اسلام کی فیوض و برکات سے استفادہ کر سکیں۔ لیکن انھیں بتانے کے لیے ہمارے پاس کوئی جگہ نہیں ہے۔ جس کی وجہ سے بڑی شرمندگی ہوتی ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم مسلمان ممالک میں ایسی آئیڈیل اسلامی سوسائٹی بنائیں جو اسلامی تعلیمات کے عین مطابق ہوں۔ تاکہ یورپی مسلمانوں کو دیکھ سکیں۔

اس کے ساتھ انھوں نے قومیت پرستی پر اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم بحیثیت مسلمان ایک قوم ہیں، لیکن آج ہم بیسیوں قوموں میں تقسیم ہو چکے ہیں اور ہماری قوت ختم ہو رہی ہے۔ عراق میں بھی یہی صورت حال پیدا ہوئی ہے اور وہاں شیعہ، سنی اور کردوں کو الگ الگ تقسیم کیا جا رہا ہے جغرافیائی اعتبار سے بھی یہ تقسیم ان ممالک کو کمزور کرنے کے لیے کی جا رہی ہے۔ ہمیں ان تمام امور پر گہری نظر رکھنی چاہیے اور ان کو حل کرنے کے لیے اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ اسلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مکمل ہو چکا ہے۔ اس کے بعد جو بھی امور سامنے آئیں وہ ''من عمل عملا ما لیس منہ فھو رد'' کے تحت اسکا اسلام کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ خواہ وہ امور کتنے بھی پرکشش کیوں نہ ہوں۔ کتاب و سنت کے علاوہ تمام فرقے غیر اسلامی ہیں۔ اسلام تو ایک ہے۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا ہے۔ لہٰذا ہمیں اس کی پیروی کرنی چاہیے اور اس کی دعوت دینی چاہیے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آخر میں انھوں نے جامعہ سلفیہ کی تعلیمی، تربیتی اور علمی خدمات کو بے حد سراہا اور دوبارہ بھی جامعہ آنے کا وعدہ کیا۔ اس سے پہلے انھیں جامعہ کا مکمل تعارف کروایا گیا اور جامعہ کی تعلیمی، تربیتی و دعوتی خدمات کا تذکرہ کیا گیا۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

**معاشرے میں پائیدار تبدیلی کے لیے اسلامی تعلیمات کا فروغ از حد ضروری ہے۔ جامعہ سلفیہ کی تعلیمی تربیتی اور دعوتی خدمات مثالی ہیں۔ (ڈاکٹر صہیب حسن)**

ایک اچھے اور صالح معاشرے کے لیے تعلیم کی اہمیت سے ہم سب آگاہ ہیں۔ ایک معیاری نصاب طلبہ کی ذہن سازی میں مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار اسلامی کونسل برطانیہ کے چیئرمین اور سابق امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ ڈاکٹر صہیب حسن نے جامعہ سلفیہ میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے مزید فرمایا کہ معاشرے میں پائیدار تبدیلی کے لیے اسلامی تعلیمات کا فروغ از حد ضروری ہے۔ جس کے لیے ہمیں مل جل کر کوشش کرنی چاہیے۔ آج پوری دنیا میں مذہب کے بارے کافی تجسس پیدا ہوا ہے۔ خصوصاً اسلام کے بارے میں لوگوں میں دلچسپی بڑی ہے اور وہ معلومات حاصل کر رہے ہیں۔ اسلام عالمگیر دین ہے۔ جس میں ہر دور کے مسائل کا حل موجود ہے۔

انھوں نے دینی مدارس کے نصاب کو بہتر بنانے کے لیے مختلف تجاویز دیں اور فرمایا کہ بعض کتب جو علمی اور فقہی اعتبار سے بہت مستند ہیں، انھیں شامل نصاب کرنا چاہیے۔ انھوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ فارغ اوقات میں مطالعہ کا سلسلہ جاری رکھیں اور ہم نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اس سے طالب علم کی صلاحیت میں نکھار آتا ہے۔ انھوں نے جامعہ سلفیہ کے تعلیمی، تربیتی اور دعوتی کام کو مثالی قرار دیا اور فرمایا کہ ادارہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہے۔ خصوصاً اساتذہ کرام اعلیٰ تعلیم یافتہ اور موجودہ دور کے تقاضوں سے بخوبی آگاہ ہیں اور طلبہ کو ایسے ماحول سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے۔

آخر میں انھوں نے میاں نعیم الرحمٰن رئیس الجامعہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جن کی رفاقت میں انھیں آج جامعہ آنے کا موقع ملا۔ انھوں نے ان کی خدمات اور جامعہ پر خصوصی توجہ دینے پر بھی تحسین کی۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

کتاب و سنت پر مبنی نظام دنیا میں امن کا ضامن ہے۔

اسلامی تعلیمات کے فروغ میں جامعہ سلفیہ قابل قدر ہے۔

عقیدے کی بنیاد پر قائم تعلقات بہت مضبوط اور پائیدار ہوتے ہیں۔

جامعہ سلفیہ میں منعقدہ تقریب سے محمد بن سعد الدوسری، مدیر مکتب الدعوۃ ڈاکٹر هزاع بن عبداللہ الغامدی اور استاذ عبدہ محمد عتین مدیر مکتب رابطہ سلامی کا خطاب۔

اسلامی علوم کی تعلیم و ترویج کے لیے جامعہ سلفیہ فیصل آباد کو ممتاز مقام حاصل ہے۔ جامعہ اعلیٰ تعلیمی معیار اور عمدہ حسن انتظام کی بدولت عالمی شہرت کا حامل ہے۔ جس کی وجہ سے نہ صرف پاکستان بلکہ دیگر اسلامی ممالک کے علماء کرام بھی جامعہ کو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قریب سے دیکھنے کے متمنی ہوتے ہیں۔

گذشتہ دنوں اسلام آباد سے مدیر مکتب الدعوۃ فضیلۃ الشیخ محمد بن سعد الدوسری' اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے مشیر ڈاکٹر ھزاع بن عبداللہ الغامدی اور رابطہ عالم اسلامی اسلام اباد کے ڈائریکٹر جنرل عبدہ بن محمد عتین' حافظ عبدالکریم ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث جامعہ سلفیہ تشریف لائے۔ جہاں انھوں نے جامعہ کے تمام شعبوں کا معائنہ کیا' وہاں طلبہ اور اساتذہ سے بھی خطاب کیا۔ جامعہ کی جانب سے فضیلۃ الشیخ حافظ مسعود عالم نے سپاسنامہ پیش کیا اور جامعہ کی تاریخ اغراض و مقاصد اور تعلیمی' دعوتی سرگرمیوں سے آگاہ فرمایا۔ اس کے بعد ڈاکٹر ھزاع بن عبداللہ نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ عقیدے کی بنیاد پر قائم رشتے ہی پائیدار اور مضبوط ہوتے ہیں اور دین خیر خواہی کا نام ہے۔ ہمیں آپس میں اتحاد و یگانگت کے ساتھ مل جل کر کام کرنا چاہیے۔

مدیر مکتب الدعوۃ نے فرمایا کہ کتاب وسنت پر مبنی تعلیمات دنیا میں امن کی ضامن ہیں۔ دینی مدارس یہ فریضہ بخیر وخوبی سرانجام دے رہے ہیں۔ حافظ عبدالکریم صاحب نے سعودی عرب سے اہل حدیث کی محبت اور سعودی مملکت کے لیے اہل حدیث کی خدمات کا تذکرہ فرمایا۔

مکتب الرابطہ کے ڈائریکٹر جنرل جناب عبدہ نے کہا کہ اسلامی تعلیمات کے فروغ میں جامعہ سلفیہ کا کردار قابل تحسین ہے اور یہ عظیم الشان ادارہ دیگر اداروں کے لیے مشعل راہ ہے۔ انھوں نے رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمٰن کی کوششوں کو سراہا اور اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

آخر میں پرنسپل جامعہ نے انتظامیہ کی جانب سے تمام معزز مہمانوں کا دلی شکریہ ادا کیا۔ آخر میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا تھا۔


لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ

مایوسیاں تو کفر ہیں لَا تَقْنَطُوا کے بعد

# قمر کلینک

محقق مصنف حکیم

ڈاکٹر قمر احسان کمالپوری

فیملی فزیشن

ڈی۔ایچ۔ایم ایس ، ایف۔ٹی۔جے ، آر۔ایچ۔ایم۔پی

عورتوں' بچوں اور مردوں کے امراض جو لاعلاج ہو چکے ہوں یا بار بار علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہو رہے ہوں۔
ایک بار ضرور ملاقات کریں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

قمر کلینک تھانہ روڈ نزد امام بارگاہ شاہکوٹ

Clinic: 056-3013684, Res: 056-2723624
Mob: 0321-7644976


© rasailojaraid.com